© rasailojaraid.com

# مطبُوعَات

**حقوقِ انسانی** | مؤلفہ: محترمہ رقیہ علامہ خلیل عرب۔ شائع کردہ میمن خواتین ایجوکیشنل سوسائٹی۔ قیمت ۵/-

مؤلفہ دینی رجحانات رکھنے والے علمی حلقہ میں متعارف ہیں۔ آپ نے دین و ملت کی خدمت کے جذبے سے متعدد تالیفی کام کیے ہیں جن میں سے ایک یہ کتاب ہے۔ اس کتاب کی بنیاد اس تصور پر ہے کہ دین اسلام سرتاپا نام ہی خدا اور خلق کے مختلف حقوق کی متوازن ترتیب کا ہے۔ چنانچہ خدا اور رسول کے حقوق سے آغاز کرتے ہوئے انسانیت کے حقوق مختلف مناصب و مراتب کے لحاظ سے پیش کیے گئے ہیں۔ والدین اور اولاد، علماء و اساتذہ اور متعلمین، حکمران اور رعایا، شوہر اور بیوی، مہمان اور میزبان، بلکہ مزدوروں اور سائلوں تک کے بارے میں فاضل مؤلفہ نے بتایا ہے کہ بروئے کتاب و سنت ان کے کیا حقوق ہیں۔ سنت چونکہ مؤلفہ کا ایک دلپسند موضوع ہے اس لیے اس پر چھپن صفحات میں بہت اچھا موادِ مطالعہ جمع کر دیا ہے۔ معیارِ طباعت بہت اچھا، سائز بڑا، یہ کتاب، رونقِ اسلام گرلز اسکول ۱۸ پرنس اسٹریٹ نانک واڑہ کراچی، رونقِ اسلام ہائی اسکول کھلادر نزد پنجابی کلب، کراچی، اور ریاض سنز ناشران و تاجران کتب بکل روڈ کراچی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**ہمارا پاکستان** | از جناب الطاف شوکت۔ ناشر: قومی کتب خانہ لاہور۔ قیمت مجلد مع گرد پوش دو روپے۔

الطاف شوکت دینی و ملی درد رکھنے والے ایک جواں ہمت سپاہی ہیں۔ موصوف اسلام کی خاطر پاکستان سے محبت رکھتے ہیں اور آرزومند ہیں کہ یہ نوخیز سلطنت اسلامی اصولوں کو اختیار کر کے اخلاقی و مادی ہر دو لحاظ سے ترقی کرے۔ انہی جذبات کے ساتھ آپ نے پاکستان کی زرعی و معدنی دولت اور صنعتی و تجارتی حیثیت کا جائزہ لیا ہے۔ ساتھ کے ساتھ اسلام کے سیاسی و معاشی نظام پر بھی مختصر طور پر اپنے خیالات پیش کیے ہیں۔ آخری حصے میں مسلمانوں کو بیداری و حرکت اور جہاد و اجتہاد کا درس دیا ہے۔ ہماری رائے یہ ہے کہ یہ کتاب عام مطالعہ کی چیز بھی ہے اور درسی مقاصد کے لیے بھی مفید ہے۔

© rasailojaraid.com